24/03/2026
09.20 AM(5 min)

آداب
یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔
خبروں کا بلٹن لیکر میں عارف حسین

وزیر اعظم
وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ مغربی ایشاءمیں جاری کشید گی کے دوران بھارت نے جو موقف اختیار کیا ہے اس نے عالمی سطح کے تعلقات قائم کرنے اور بحرانوں کو موثر انداز میں سنبھالنے کی ملک کی طاقت کو اجا گر کیا ہے ۔
کل رات نئی دلی میں ایک نجی میڈیا ہاوس کے اہتمام سے منعقدہ ایک سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے نریندر مودی نے کہا ہے کہ عالمی غیر یقینی صورتحال کے با وجود بھارت اعتماد اور ترقی کے پختہ عزم کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے ۔

لیفٹنٹ گورنر
لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے دہشت پسندی سے متاثرہ کنبوں کو انتظامیہ کے ہر ممکن مدد کا یقین دلاتے ہوئے کہا ہے کہ سالہا سال کے مصائب کے بعد ان کنبوں کو نوکریوں کے ساتھ ساتھ انصاف بھی دلایا جائے گا تاکہ وہ فخر سے اپنی زندگی گذار سکےں۔
کنونشن سینٹر جموں میں ایک تقریب کے دوران دہشت پسندی سے متاثرہ37 افراد کے اہل خانہ میں نوکریوں کے آرڈرتقسیم کرنے کے بعد تقریب سے خطاب کر تے ہوئے ایل جی نے کہا کہ جمونوکشمیر اب ایک ایسے مرحلے میں داخل ہوا ہے جہاں نوجوان اور دہشت پسندی سے متاثرہ کنبے روشن مستقبل کے خواہاں ہیں اور وہ ایک اچھی زندگی گذارنا چاہتے ہیں۔
----Byte------

کتاب LG
”لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کو بریگیڈیئر ریٹائرڈ ڈاکٹر وجے ساگر دھیمن کی تصنیف کردہ کتاب Pahalgam Bloodlines: A Democracy Confronts Terrorism “ پیش کی گئی۔ لیفٹیننٹ گورنر نے مصنف کو کتاب کی اشاعت پر مبارکباد دی۔
لیفٹیننٹ گورنر کو ”Valley of Shadows: The Untold Story of Terror in Kashmir “ کے عنوان سے شائع کی گئی کتاب بھی پیش کی گئی۔

ملاقات LG
kaluria جنرل زور آور سنگھ میموریل ایجوکیشن اینڈ چیریٹیبل ٹرسٹ کے چیئر مین دیوندر سنگھ نے لوک بھون جموں میں لیفٹنٹ گورنر kaluria Riya اورDiksha kaluria کے علاوہ ٹرسٹیز منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی۔
لیبر یونین کے صدر بھوپندر سنگھ کی Ponny اس دوران شری ما تا ویشنو دیوی کی پِٹھو اور سربراہی میں یونین کے ایک وفد نے بھی ایل جی کے ساتھ ملاقات کی۔

عالمی دن
آج تپ دق مخالف عالمی دن ہے۔ اس دن کا مقصد اس بیماری سے بچاو کی تدابیر سے متعلق بیداری پیدا کرنا ہے۔

ورلڈ ٹیوبر کلو سز ڈے کے موقعے پر صدر جمہوریہ دروپدی مر مو نے کہا ہے کہ ملک میں تپ دق کے مکمل خاتمے کیلئے متعلقہ اداروں اور ایجنسیوں کو قریبی تال میل کے ساتھ کام کرنا چاہئے۔ اپنے ایک پیغام میں
ا

نہوں نے کہا ہے کہ ٹی بی مکت بھارت ابھیان کے خاطر خواہ نتائج بر آمد ہوے ہیں۔±

DIV COM

وادی میں رسوئی گیس اورپیٹرولیم اشیا ءکا وافر سٹاک موجود ہے ۔ڈویژنل کمشنر کشمیر انشل گرگ نےLPG کا دو ہفتے سرینگر میں میڈیا نمائندوں کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا کہ وادی میں کا سٹاک موجود ہے اور صورتحال پر کڑی نظر گذر رکھی جا رہی ہے۔

-----Byte-----

ایران میں پھنسے وادی کے طلباءکے معاملے کے تعلق سے صوبائی کمشنر نے میڈیا نمائندوں کو بتایا۔

-----Byte-----

پروگرام

جموں و کشمیر اکیڈمی آف آرٹ، کلچر اینڈ لینگویجز آج سے جموں صوبے کے مختلف علاقوں میں قومی سطح کے موسیقی و ثقافتی پروگرام کا انعقاد کررہی ہے۔ پانچ روز تک جاری رہنے والے اس پروگرام کے انعقاد میں اکیڈیمی کو شمالی زون کلچرل سینٹر پٹیالہ پنجاب کا اشتراک حاصل ہے۔

اس پروگرام کا مقصد خطے کے بھرپور ثقافتی ورثے، موسیقی اور فنی روایات کو فروغ دینا ہے۔ یہ پروگرام آر ایس پورہ، ادھمپور، ڈوڈہ، کشتواڑ اور پاڈر میں منعقد کئے جارہے ہیں۔

میلہ

کشمیر ہاٹ، نمائش گاہ سرینگر میں کل ایک روزہ روزگار میلہ منعقد ہوا جس کا مقصد ضلع کے نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کرنا اور کاروباری سرگرمیوں کو فروغ دینا تھا۔

اس روزگار میلے میں نوجوانوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی جبکہ تقریباً 22 کمپنیوں نے اس میلے میں شرکت کرکے روزگار کے متلاشی نوجوانوں کو مناسب اسامیوں کی پیشکش کی۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت6 اعشاریہ 3 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت15 اعشاریہ 2 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ